## سوال

زانی مرد کا زانی عورت سے نکاح کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) میرا ایک دوست ایک ایسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے جس کے والدین اور لڑکی قبروں پر جا کر دعائیں کرتے ہیں میرا مطلب ہے کہ درباروں پر جاتے ہیں گیارہویں اور ختم وغیرہ بھی ان کے ہاں جائز ہے تو کیا ایسی لڑکی سے شادی کرنا درست ہے ؟

(2) ہمیں بتایا گیا ہے کہ فلاں آدمی نے بازاری عورت سے شادی کی ہے شادی سے پہلے وہ مرد اس عورت سے ناجائز تعلقات قائم کرتا رہا ہے اور اب انہوں نے شادی کرلی ہے ہمارے ایک قاری صاحب کہتے ہیں کہ جس سے زنا کیا جائے اس سے نکاح نہیں ہوسکتا ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1) درست ہے بشرطیکہ اس لڑکی کو اور اس لڑکی کے خاندان کو ان غلط عقائد واعمال سے بچانا مقصود ہو نیز عفت وپاکدامنی مراد ہو۔

(2) قاری صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کی بات درست ہے واقعی ایسا نکاح حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ --نور

3 ''اور حرام کیا گیا ہے یہ او پر ایمان داروں کے ۔''

زانی کا زانیہ یا مشرکہ کے ساتھ اور زانیہ کا زانی یا مشرک کے ساتھ نکاح مومنوں پر حرام ہے حافظ ابن قیم رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''اس مقام پر ذلک اسم اشارہ سے زنا مراد لینا ضعیف اور کمزور ہے'' نیز نکاح کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کا فرمانا مُحْصَنَاتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ وَلَا مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ --النساء 25 ''وہ پاک دامن ہوں نہ اعلانیہ زنا کرنے والی نہ چھپے یاروں والی ] اور بیان کرنا مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ --مائدة 5 ''تمہاری نیت نکاح کی ہو نہ زنا کرنے کی اور نہ پکڑنے والے چھپی دوستی'' اس بات کی دلیل ہے کہ نکاح منعقد ہونے کےلیے مرد اور عورت دونوں کا عفیف اور پاکدامن ہونا ضروری ہے مزید تفصیل کےلیے سورۃ النور کے آغاز والی آیات کی تفسیر ''تفسیر ابن کثیر'' میں پڑھ لیں۔ ہاں زنا کے بعد توبہ ہوجائے اور ان کی توبہ کا مبنی براخلاص ہونا شواہد وقرائن سے لوگوں پر واضح ہوجائے تو بعد ازاں انکا نکاح درست ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[احکام و مسائل]

[نکاح کے مسائل ج1ص304]